Talha Tariq

سوال 1 خاص کی تعریف کریں؟

خاص وہ لفظ ہے جو انفرادی طور پر معنی معلوم یا ذات معلوم کیلئے وضع کیا گیا ہو

سوال 2 خاص کے مقابلے میں خبر واحد اور قیاس کو کب چھوڑا جائے گا؟

خاص کے مقابلے میں خبر واحد یا قیاس آجائے اگر خاص کے حکم میں تبدیلی کیے بغیر ان کو جمع کرنا ممکن ہو تو جمع کیا جائے اگر خاص کا حکم تبدیل ہو رہا ہو تو اس کے مقابلے خبر واحد یا قیاس ہو اس کو چھوڑ دیا جائے گا

سوال 3 چوری شدہ چیزوں کے ہلاک ہونے اور چور کا ہاتھ کاٹنے کے بعد چور سے تاوان کیوں نہیں لیا جائے گا؟

کیونکہ قطع ید یعنی ہاتھ کا کاٹا جانا اس سب کی سزا ہے جو چور نے کیا یعنی کلمہ "ما" ہے جو آیت کے اندر یہ عام ہے یہ شامل ہے اس سارے کو جو چور نے کیا

سوال 4 کتاب اللہ کے مطلق کا حکم لکھیں؟

کتاب اللہ کے مطلق پر عمل کرنا ممکن ہو تو اس کے مطلق پر عمل کیا جائے گا اس پر خبر واحد یا قیاس کی زیادتی کرنا جائز نہیں ہے

سوال 5 وارکعوا مع الراکعین میں مطلق کیا ہے اور اس مطلق پر کون سی زیادتی کی ہے؟

اس آیت میں مطلق ہے رکوع کرنا اس پر شرط تعدیل کی زیادتی نہیں کی جائے گی خبر واحد [illegible]

لیکن ہم اس کو اس طرح تطبیق دے دیں گے کہ کتاب اللہ کے مطلق کا حکم تبدیل نہ ہو کتاب اللہ کے مطلق حکم کی وجہ مطلق رکوع فرض ہے اور تعدیل ارکان واجب ہے۔

**سوال ۵** مشترک کی تعریف کریں؟

وہ لفظ جو دو مختلف معنی کیلئے وضع کیا گیا ہو یا دو مختلف الحقائق معنی کیلئے وضع کیا گیا ہو اسے مشترک کہتے ہیں۔ جاریۃ، لونڈی کیلئے اور کشتی کیلئے بولا جاتا ہے

**سوال ۶** حکم شرع سے مؤول کی مثال لکھیں؟

اگر کسی نے بیع میں ثمن کو مطلق رکھا تو اس میں شہر کے نقد بلد مراد ہو گی تاویل کے طریقے سے اگر شہر میں مختلف نقدیاں ہو تو بیع فاسد ہو جائے گی۔

**سوال ۸** صریح کا حکم لکھیں؟

یہ اپنے معنی کو یقینی طور پر ثابت کرتا ہے اگرچہ وہ صریح لفظ خبر میں سے ہو یا ندا سے یا صفت سے اور اس کا حکم کہ یہ نیت سے مستغنی ہوتا ہے

**سوال ۹** محل کلام کی دلالت کی وجہ حقیقی معنی کو ترک کرنے کی مثال لکھیں؟

نکاح منعقد ہو جاتا ہے کا آزاد ~~[illegible]~~ عورت کا لفظ بیع تملیک اور ہبہ کے ساتھ اور صدقہ کے ساتھ اس کا حقیقی معنی چھوڑ دیا گیا ہے محل کلام کی دلالت کی وجہ سے۔

**سوال ۱۰** امر شرعی کی تعریف کریں؟

سوال 11: امر بالفعل تکرار کا تقاضہ نہیں کرتا اس کی مثال لکھیں؟

اگر کسی مرد نے اپنے وکیل سے کہا طلّق امرأتی کہ تو میری بیوی کو طلاق دے دیں پس وکیل نے طلاق دے دی اور مرد نے پھر دوبارہ شادی کر لی اب وکیل کیلئے یہ نہیں ہے کہ پھر طلاق دے دیں

سوال 12: لفظ میں جب حقیقی اور مجازی معنی مراد لیا جا سکتا ہوں تو کون سا معنی مراد لینا بہتر ہے؟

لفظ میں جب حقیقی اور مجازی معنی مراد لیا جا سکتا ہو تو امام اعظم کے نزدیک حقیقی مراد لینا اولی ہے صاحبین کے نزدیک عموم مجاز پر عمل کرنا اولی ہے

سوال 13: حرمت علیکم المیتۃ کیا اس آیت پہ دلیل لی جا سکتی ہے کہ پانی میں مکھی مر جائے تو پانی نجس ہو جائے گا

تم پر مردار کو حرام کیا گیا۔ اس سے یہ ثابت کرنا کہ مکھی کا مر جانا ماء قلیل میں یہ پانی کو نجس کر دے گا۔ ان کی یہ دلیل کمزور ہے۔ اس لیے کہ نص مردار کے حرام ہونے کو ثابت کر رہی اس میں کوئی اختلاف نہیں اور اختلاف تو پانی کے نجس ہونے کا ہے اس پر کوئی دلیل نہیں ہے لہذا یہ آیت دلیل نہیں بنے گی

سوال 14: واؤ عاطفہ کا حقیقی معنی لکھیں؟

واؤ عاطفہ مطلقاً جمع کے لیے ہے امام اعظم کے نزدیک

اور یہ بھی کہا ہے امام شافعی نے کہ واؤ ترتیب کیلئے آتا ہے

سوال 15 فاء جزائیہ کی مثال احکام شرع سے تحریر کریں؟

اگر کسی آقا نے اپنے غلام سے کہا تو مجھے ہزار درہم ادا کر اس حال میں تو آزاد ہے (ادا الی الفا وانت حر) ادائیگی شرط ہے آزادی کیلئے

سوال 16 فاء تعقیب مع الوصل کیا اور کیوں استعمال ہوتا ہے

فاء تعقیب مع الوصل کیلئے آتا ہے یعنی معطوف کے بعد فوراً معطوف علیہ آتا ہے بغیر کسی تاخیر کے اور یہ جزاء کے ساتھ جمع ہوتا ہے اس لیے کہ جزاء شرط کے بعد آتی ہے

سوال 17 وضو میں کہنیاں ہاتھ دھونے کے حکم میں کیوں شامل ہے؟

وضو میں کہنیاں اور کلائیاں دونوں چیزیں داخل ہیں۔ دھونے کے حکم میں۔ اس پر اللہ تعالیٰ کا قول "الی المرافق" .. اس لیے کہ "الی" کلمہ یہاں اسقاط کے معنی کا فائدہ دیں گے کہ غایۃ صرف اس کے حکم میں شامل ہے۔ اگر ایسا نہ ہوتا تو یہ حکم بھی پورے حکم کو گھیر لیتا۔

سوال 18 بیان تقریر کسے کہتے ہیں؟

وہ لفظ جس کا معنی ظاہر ہو لیکن وہ غیر کے معنی کا بھی احتمال رکھتا ہو متکلم نے مراد کو بیان کر دیا اس کے ساتھ جو ظاہری معنی ہے پس متکلم نے ظاہری مراد کو پختہ کر دیا۔ اپنے بیان کے ساتھ

سوال 19 خبر مشہور کی تعریف تحریر کریں

وہ مشہور احادیث جو صحیح اور رسول اللہ ﷺ سے ثابت اور اس میں تھوڑا سا شبہ ہو اسے خبر مشہور کہتے ہیں

Talha Tariq

سوال 20 عدم القائل بالفصل کو کون سی قسم حجت نہیں ہے؟

عدم القائل بالفصل کی دوسری قسم حجت نہیں تھی وہ جس میں منشا الخلاف مختلف ہو۔

سوال 21 ثلاثۃ قروء میں قروء سے حیض یا طہر مراد لینے سے جن مسائل میں اختلاف پیدا ہوتا ہے ان میں سے 6 لکھیں؟

| امام اعظم کے نزدیک | امام شافعی کے نزدیک |
| --- | --- |
| تیسرے حیض میں رجوع کر سکتا ہے | رجوع نہیں کر سکتا |
| غیر کیا تو نکاح باطل | غیر کیا تو نکاح صحیح |
| روکنے کا حکم ہوگا | نہیں روکے گا |
| خرچہ بھی دے گا رہائش بھی | نہیں دے گا خرچہ رہائش |
| خلع، طلاق کا حق ہوگا | خلع، طلاق کا حق نہیں ہوگا |
| بیوی کی بہن سے شادی نہیں کر سکتا | شادی کر سکتا ہے |

سوال 22 انه عليه السلام سئل عن متروك التسمية عامدا فقال كلوه فان تسمية الله تعالى في قلب كل امرئ مسلم پر اس روایت پر احناف کا عمل ہے یا نہیں۔ اگر نہیں تو کیوں؟ اور مذکورہ روایت کا جواب کیا ہے۔

اس روایت پر احناف کا عمل نہیں ہے کہ یہ حدیث مبارکہ کتاب اللہ کے مقابلے میں آ رہی ہے کہ کتاب "تم اس کو نہ کھاؤ جس پر اللہ پاک کا نام نہیں لیا گیا" یہ آیت مبارکہ جان بوجھ کر تسمیہ چھوڑنے کی حرمت کو ثابت کرتی ہے حدیث پاک میں نبی کریم سے سوال کیا اگر کسی نے جان بوجھ کر بسم اللہ چھوڑ دی اس کو کھا سکتے تو نبی کریم نے فرمایا کہ کھاؤ کہ اللہ تبارک و تعالیٰ کا نام ہر مسلمان کے دل میں ہوتا ہے اگر یہ ثابت کر لیں کہ جان بوجھ

مگر تسمیہ چھوڑنے سے ذبح (کیا جانور) حلال ہے تو جو بھول گیا اس جانور کا حلال ہونا بدرجہ اولیٰ ثابت ہوگا پس کتاب اللہ کا حکم پر عمل کریں اور خبر کو چھوڑ دیا جائے گا

**سوال 23** افعال حسیہ سے نہی کی تین اور تصرفات شرعیہ کی مثالیں لکھیں؟

**افعال حسیہ سے نہی کی مثال**

زنا کرنا۔ شراب پینا اور ظلم کرنا اور جھوٹ بولنا

**افعال شرعیہ سے نہی کی مثال**

عید کے دن روزہ نہ رکھنا۔ اوقات مکروہہ میں نماز نہ پڑھنا ایک درہم کی دو درہم کے بدلے بیع نہ کرنا

**سوال 24** شرط کے حقیقی معنی میں امام اعظم اور صاحبین کا اختلاف اور مثال لکھیں؟

شرط لغوی پہلے آتا ہے (اس کے بعد جو ہے وہ جزاء ہے) امام اعظم کے نزدیک شرط لغوی کا فائدہ دیتا ہے لفظاً اور حکماً دونوں میں۔ صاحبین کے نزدیک صرف حکماً میں۔

مثال: جب کوئی شوہر غیر مدخولہ بیوی سے کہے اگر تو گھر میں داخل ہوئی تو تجھے طلاق ہے پھر تجھے طلاق ہے پھر تجھے طلاق ہے تو امام اعظم کے نزدیک پہلی طلاق معلق ہوگی گھر میں داخل ہونے کے ساتھ دوسری طلاق فوراً واقع ہو جائے گی تیسری طلاق فوراً [illegible]

CamScanner

جب کہ صاحبین کے نزدیک طلاق معلق ہوگی گھر میں داخل ہونے کے ساتھ۔ گھر میں داخل ہونا شرط ہے۔ ترتیب کے ظاہر ہونے کے لیے۔ پس ایک ہی طلاق واقع ہوگی۔ دوسری اور تیسری طلاق لغو ہو جائے گی۔ اس لیے کہ پہلی جو طلاق ہے وہ طلاق بائنہ واقع ہوگی۔

سوال 25 خبر الواحد حجۃ فی اربعۃ مواضع سے کیا مراد ہے؟

(1) خالص اللہ تعالیٰ کا حق جو سزا نہ ہو۔

(2) خالص بندے کا حق جس میں کسی دوسرے پر کوئی چیز لازم کی جاتی ہو

(3) خالص بندے کا حق جس میں کسی دوسرے پر کوئی چیز لازم نہ ہو۔

(4) خالص بندے کا حق جس میں کسی وجہ سے کچھ لازم کرنا ہو

سوال 26 مفسر اور محکم کا حکم تحریر کریں؟

ان دونوں پر عمل کرنا یقینی طور پر ضروری ہے

سوال 27 خفی کی تعریف اور مثال لکھیں؟

وہ جس کی مراد پوشیدہ ہو کسی عارضے کی وجہ نہ کہ صیغہ کے اعتبار سے مثال الزانیہ والزانی یہ ظاہر زانی کے حق میں اور خفی ہے لوطی کے حق میں۔

سوال 28 خفی کا حکم لکھیں؟

اس کے معنی کو طلب کرنا واجب ہے یہاں تک کہ خفا زائل ہو جائے

سوال 29 مامور بہ مطلق عن الوقت کا حکم لکھیں؟

اس کی ادائیگی واجب ہے اس کو تاخیر کے ساتھ ادا کرنا جائز ہے یہاں تک کہ وہ پوری زندگی میں فوت نہ ہو۔

سوال 30 فان لم یعین الشرع لہ وقتا فانہ لا یتعین الوقت بتعیین العبد حتی لو عین العبد ایاما لقضاء رمضان لا تتعین لھا للقضاء۔

جب شریعت نے قضاء روزوں کیلئے وقت متعین نہیں کیا تو بندے کے متعین کرنے سے روزوں کا وقت متعین نہیں ہوگا یہاں تک کہ بندے نے رمضان کی قضاء کیلئے کچھ ایام مقرر کئے تو یہ ایام روزے کی قضاء کیلئے متعین نہیں ہوں گے

سوال 31 مامور بہ مطلق کی قسم حسن بنفسہ کی کوئی تین مثالیں لکھیں

اللہ تعالیٰ پر ایمان لانا۔ اس کی نعمتوں کا شکر ادا کرنا سچ سچ بولنا۔ انصاف کرنا۔ خالص اللہ کی رضا کیلئے نماز پڑھنا

سوال 32 الواجب بحکم الامر نوعان اداء و قضاء اداء کی تعریف لکھیں؟

اداء نام ہے عین واجب کو سپرد کرنا اس کے مستحق کی طرف۔

سوال 33 اداء کامل کی تین مثالیں لکھیں؟

نماز کو اس کے وقت میں ادا کرنا۔ جماعت کے ساتھ وضو کے ساتھ طواف کرنا۔ غاصب کا عین مغصوبہ چیز کو تسلیم کرنا جس کو اس نے غصب کیا۔ مبیع کو سپرد کرنا بیع سلم میں مشتری کے [illegible]

Talha Tariq

سوال 35 قضاء قاصر کی تعریف کریں؟

قضاء قاصر وہ ہوتی ہے جو واجب کی صورتاً مثل نہ ہو مگر معنی کے اعتبار سے مثل ہو۔

سوال 36 وقد یکون الفاء لبیان العلۃ اس کی مثال تحریر کریں؟

جب مولیٰ نے اپنے غلام سے "ادّ الیّ الفاً فانت حر"
غلام آزاد ہو گا اس حال میں اگرچہ کچھ نہ بھی ادا کریں؟

سوال 37 بل لتدارک الغلط باقامۃ الثانی مقام الاول کا ترجمہ لکھیں؟

بل غلطی کی تلافی کے لیے آتا ہے دوسرے کو پہلے کی جگہ میں رکھنے کی صورت میں۔

اگر شوہر نے اپنی تین بیویوں کے بارے میں کہا۔

سوال 38 انت طالق او هذہ و هذہ تو کتنی بیویوں کو طلاق واقع ہوگی؟

اگر شوہر نے اپنی تین بیوی سے کہا (هذہ طالق او هذہ و هذہ) تیسری بیوی کو فوراً طلاق ہو جائے گا پہلی دو میں سے شوہر کو اختیار ہے گویا کہ اس نے احداکما طالق و هذہ کہا ہے۔

سوال 39 کلمہ علی للالزام واصلہ لافادۃ التفوق التعلی کو ترجمہ کریں؟

کلمہ "علی" کسی چیز کو لازم کرنے کیلئے آتا ہے اور اصل میں یہ فوقیت اور بلندی کا معنی دیتا ہے۔

سوال 40 بیان تفسیر کی تعریف کریں؟

لفظ کی مراد واضح نہ ہو متکلم مراد کو واضح کردیں اپنے بیان کے ساتھ۔

سوال 41 بیان تغییر کی تعریف کریں؟

متکلم کلام کے معنی کو بدل دیں اپنے بیان کے ساتھ

CS CamScanner

سوال 42 واما القضاء فنوعان کامل وقاصر فالکامل منہ تسلیم مثل الواجب صورۃ ومعنی کمن غصب قفیز حنطۃ فاستھلکھا ضمن قفیز حنطۃ ویکون المؤدی مثلا للاول صورۃ ومعنی وکذلک الحکم فی جمیع المثلیات کا نفس مسئلہ لکھیں؟

قضاء کی دو قسمیں ہیں کامل اور قاصر کامل واجب کے مثل کو سپرد کرنا جو صورتاً اور معنیً دونوں اعتبار سے اس کا مثل ہو۔ جیسے کسی نے گندم کا قفیز غصب کیا تو وہ ضمان دے گا ایک قفیز گندم کا اور وہ اس کی مثل ادا کرے گا صورتاً اور معنیً اور اسی طرح حکم ہوگا تمام مثالوں میں۔

سوال 43 افعال حسیہ اور شرعیہ سے نہی کا حکم لکھیں؟ (تعریفات)

وہ منہی عنہ نہی کا عین ہوتا ہے جس پر نہی وارد ہوتی ہے پس وہ منہی عنہ کا عین قبیح ہوتا ہے اور وہ منہی عنہ کا عین کبھی بھی مشروع نہیں ہوتا مثلاً تصرفات شرعیہ کا حکم۔ وہ منہی عنہ نہی کا غیر ہوتی ہے جس کی طرف نہی کی نسبت کی گئی ہو پس وہ بنفسہ حسن ہوتی ہے اور قبیح لغیرہ ہوتی ہے جیسے عید کے دن کا روزہ رکھنا۔

سوال 44 قیاس کے صحیح ہونے کی تمام شرائط لکھیں؟

قیاس کے صحیح ہونے کی پانچ شرائط ہیں (1) قیاس نص کے مقابلے میں نہ ہو (2) قیاس نص کے احکام میں سے کسی حکم کی تخصیص کو متضمن نہ ہو (3) جس اصل سے حکم نکالا ہے وہ (علت) خود خلاف قیاس نہ ہو

(۶) علت کو نکالنا شرعی حکم کیلئے ہو نہ کہ امر لغوی کیلئے (۷) فرع خود منصوص علیہ نہ ہو۔

سوال ۴۵ عام کی تعریف لکھیں؟

ہر وہ لفظ جو افراد کے مجموعے کو شامل ہو۔

سوال ۴۶ یتربصن بانفسھن ثلاثۃ قروء کا اختلاف ائمہ لکھیں

اس آیت میں لفظ ثلاثہ خاص ہے عدد معلوم کی معرفت کیلئے لفظ قروء دو معنی کے درمیان مشترک ہے حیض اور طھر کے درمیان امام شافعی کے نزدیک قروء سے مراد طھر اس لیے کہ لفظ قروء جمع اور لفظ ثلاثۃ تانیث کے ساتھ ہے اس لیے اس سے مراد طھر ہے جبکہ احناف کہتے ہیں اگر طھر مراد ہے تو لفظ ثلاثہ جو کتاب اللہ میں خاص ہے اس پر عمل ترک ہو رہا ہے اگر طھر مراد ہیں تو دو طھر اور تیسرے کا بعض حصہ پایا جائے گا اس لیے یہاں قروء سے مراد حیض ہے امام اعظم کے نزدیک۔

سوال ۴۷ عام خص عنہ البعض کا حکم لکھیں؟

اس پر عمل کرنا واجب ہے باقی افراد میں تخصیص کا احتمال ہونے کے ساتھ۔

سوال ۴۸ مشترک کا حکم اور مثال لکھیں؟

جب ایک معنی کو مراد لے لیا تو دوسرے معنی کا اعتبار ساقط ہو جائے گا جیسا کہ قروء سے مراد طھر امام شافعی کے نزدیک احناف کے نزدیک حیض ہے

سوال ۴۹ حقیقت متعذرہ کی کوئی ایک مثال لکھیں؟

جب کسی نے قسم کھائی کہ میں درخت سے نہیں کھاؤں گا ...

اس درخت کے اگر اس نے عین درخت کو تکلف کے ساتھ کھا لیا تو وہ حانث نہیں ہو گا

**سوال 50: لکن کس معنی کیلئے آتا ہے؟**

لکن نفی کے بعد استدراک (وہم) کو دور کرنے کیلئے آتا ہے۔

**سوال 51: بیان ضرورت کی مثال لکھیں؟**

جب رب المال اور مضارب نے مضارب کا حصہ بیان کر دیا پھر دونوں خاموش رہے تو رب المال کے حصے سے ان کی شرکت صحیح ہوگی جو باقی بچے گا وہ رب المال کا حصہ ہے جو خود بہ خود بیان ہو گیا۔

**سوال 52: خبر متواتر کی تعریف کریں؟**

وہ صحیح حدیث جو رسول اللہ ﷺ سے ثابت ہو اور اس میں کوئی شبہ نہ ہو تو وہ خبر متواتر ہے۔

**سوال 53: ~~خبر واحد~~ اجماع کی چار اقسام زینت قرطاس کریں؟**

① تمام صحابہ رضی اللہ تعالی عنہ کا کسی نئے حکم پر صراحتاً جمع ہونا۔ ② بعض صحابہ کی صراحت ہونا بعض کا ذکر کرنے سے خاموش ہونا ③ ان کے بعد اجماع ہونا تابعین کا ایسے مسئلے میں جس میں صحابہ کا کوئی قول نہیں پایا جاتا ④ صحابہ کے اقوال میں سے کسی ایک کے قول پر جمع ہونا۔

**سوال 54: قیاس کی تعریف کریں؟**

قیاس کا لغوی معنی اندازہ لگانا اصطلاحی معنی حکم کو اصل سے فرع کی طرف لے جانا دونوں کے درمیان علت متحدہ پائے جانے کی وجہ سے۔

سوال ۵: صریح کی تعریف اور مثال لکھیں؟

وہ لفظ جس کی مراد بالکل واضح ہو جائے
سننے کے ساتھ بغیر غور و فکر کے مثال اگر کسی نے کہا
انت طالق تو طلاق واقع ہو جائے گی اگرچہ اس
کی نیت ہو یا نہ ہو

سوال ۶: متعلقات النصوص کے نام لکھیں؟

عبارۃ النص ۔ دلالۃ النص
اشارۃ النص   اقتضاء النص

سوال ۷: جن کی وجہ سے حقیقی معنی کو چھوڑا جاتا ہے
ان کے نام لکھیں؟

(1) دلالت العرف (2) نفس کلام کی دلالت
کی وجہ سے

سوال ۸: دلالۃ النص کی تعریف لکھیں؟

جس میں علت کو پہچانا جاتا ہے منصوص
الیہ کے حکم سے لغوی طور نہ کہ اجتہادی اور
استنباطی طور پر

سوال ۹: امر مطلق کسی سے کیا مراد ہے؟

امر مطلق سے مراد امر مطلق کا وجوب اور عدم
وجوب پر دلالت کرنے والے قرینے سے خالی ہونا

سوال ۱۰: حسن سبب کی تعریف کریں؟

سبب وہ چیز ہے جو حکم تک پہنچا دے لیکن
کسی واسطے سے

سوال 61 ثم الحقیقة مع المجاز لا یجتمعان ارادة من لفظ واحد فی حالہ واحد مذکورہ عبارت کی وضاحت دو مثالوں سے کریں؟

پھر حقیقۃ اور مجاز جمع نہیں ہو سکتے اس حال میں کہ دونوں لفظوں کو مراد لیا جائے ایک ہی حال میں 1- جب جو صاع میں داخل ہے اسکا ارادہ کر لیا حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے فرمان کے ساتھ۔ ایک درہم کو دو درہم کے بدلے۔ ایک صاع کو دو صاع کے بدلے نہ بیچو۔ تو بے شک نفس صاع کا اعتبار ساقط ہو جائے گا یہاں تک کہ جائز ہے ایک صاع کی دو صاع کے بدلے بیع کرنا 2- جب آیت ملامسہ میں جماع مراد لے لیا تو چھونے یا ہاتھ سے اس کا اعتبار ساقط ہو جائے گا

سوال 62 متقابلات میں سے کوئی چار کی امثلہ و تعریفات لکھیں؟

ظاہر: جس کی مراد بالکل واضح اور ظاہر ہو جس کو سامع سنے بغیر غور و فکر

نص: جس مقصد کے لیے کلام کو چلایا گیا ہو، تم عورتوں میں سے نکاح کرو جو تمہیں پسند ہو 2، 3، 4 کے ساتھ۔ یہ آیت مبارکہ چلائی گئی عدد بیان کرنے کے لیے اور اسی لیے ظاہر ہوا نکاح کا مباح ہونا تو عدد بیان کرنے کا اعتبار سے نص ہے اور نکاح کا مباح ہونے کا اعتبار سے یہ ظاہر ہے

مفسر: جس کی مراد بالکل واضح ہو جائے متکلم کے بیان کرنے کے ساتھ اس اعتبار کہ

تخصیص و تاویل کا احتمال باقی نہ ہے۔

سوال 63: مثال دیں مفسر (فسجد الملائکۃ کلھم اجمعون)؟

فرشتوں کو سجدے کا حکم ہوا اس میں ملائکہ ظاہر ہے عام ہونے میں مگر تخصیص کا احتمال باقی تھا رب تعالی کے فرمان سے ختم ہو گیا تخصیص کا احتمال (کلھم) یعنی سب نے سجدہ کیا پھر یہ احتمال تھا کہ سب نے اکٹھے سجدہ کیا یا علیحدہ علیحدہ مگر رب تعالی کے فرمان سے یہ تخصیص کا احتمال بھی ختم ہو گیا (اجمعون) اس سے یعنی سب نے سجدہ کیا۔

محکم: جو قوت میں زائد ہوتا ہے مفسر پر معنی کے ظہور کے اعتبار سے کہ اس کے خلاف جائز نہیں ہوتا ہے جیسے (ان اللہ بکل شیء علیم)

سوال 64: درج ذیل چار اصطلاحات کی تعریف کریں؟

(1) عکس (2) معارضہ (3) فساد الوضع (4) قول بموجب العلۃ

عکس: سائل معلل کی اصل سے اس طرح دلیل پکڑے کہ معلل مجبور ہو جائے فرق کرنے پر اصل اور فرع میں

فساد وضع: مسئول نے جس وصف کو حکم کی علت قرار دیا ہے یہ وصف اس حکم کیلئے مناسب نہیں

معارضہ: سائل کا مسئول کی دلیل کے خلاف ایسی دلیل پیش کرنا کہ اس کی یعنی معلل کی دلیل فاسد ہو جائے

قول بموجب العلة: علت کا معلول اس کے علاوہ ہے جس کو معلل نے وضع کیا۔

CamScanner